احمد علی حاکم کی مشہور نعتوں کا مجموعہ

کلامِ حاکم

مرتب
محمد توصیف حیدر

انتساب

مفسرِ قرآں، بانیٔ شہرِ نعت، فنافی الرسول، مجددالشعرا

حضرت علامہ صائم چشتی رحمۃ اللہ علیہ

کے نام

محمد توصیف حیدر

Arshman Software Inc.©

نذرِ عقیدت

بحضور

آلِ رسول و اصحابِ رسول

محمد توصیف حیدر

Arshman Software Inc.©

افتتاحیہ

نَحْمَدُہٗ وَ نُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ اَمَّا بَعْد فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔الحمدللہ مجھے علمائے اہلسنّت کی نثری تقریروں کو مرتب کرنے کا شرف حاصل ہوا جنہیں بہت مقبولیت حاصل ہوئی ، احباب، کا تقاضا تھا کہ نثری تقریروں کے ساتھ ساتھ ایسا منظوم کلام بھی مرتب کروں جو عوام وخواص کے لئے افادیت کا باعث ہو۔

چنانچہ اِس سلسلہ میں میں نے رباعیوں کی کتب مرتب کیں جن میں رباعیاں دی بہار اور نوری رباعیاں شامل ہیں ان کتابوں کو بھی خاطر خواہ پذیرائی حاصل ہوئی ۔نعتیہ حوالہ سے میں نے اپنے والد گرامی حضرت علامہ صائم چشتی رحمۃ اللہ علیہ کے مشہور کلام پر مشتمل کتاب ”کلامِ صائم“ مرتب کی ۔کتاب ھذا ”کلامِ حاکم“ بھی اسی سلسلہ کی کڑی ہے۔

میرے ایک دوست جناب مولانا ملازم حسین ڈوگر صاحب آف دنیا پور نے بڑی محبت سے اس خواہش کا اظہار فرمایا کہ کلام احمد علی حاکم شائع ہونا چاہیے۔ چنانچہ ایک دن آستانہ چشتیہ پر ڈوگر صاحب نے موبائل پر حاکم صاحب سے رابطہ کیا اور بتایا کہ میں اس وقت بابا جی سرکار علامہ صائم چشتی رحمۃ اللہ علیہ کے دربار عالیہ پر موجود ہوں اور توصیف حیدر صاحب میرے پاس ہیں۔ چنانچہ آپ کے بارے میں بات ہوئی ہے چنانچہ چشتی کتب خانہ سے آپ کی کتاب شائع ہونی چاہیے۔ حاکم صاحب نے مجھ سے بھی بات کی ڈوگر صاحب رابطہ کروا کر تشریف لے گئے اور بعد میں حاکم صاحب سے کوئی رابطہ نہ ہوا جبکہ میں نے

Arshman Software Inc. ©

دوست احباب کو بتایا تھا کہ حاکم صاحب کی کتاب ہم شائع کر رہے ہیں۔ چنانچ احباب کی فرمائش پر مجھے خود ہی یہ کلام اکٹھا کرنا پڑا۔

احمد علی حاکم صاحب وہ خوش قسمت نعت گو ہیں کہ جن کا کلام اِس وقت پوری دنیا میں پڑھا اور سنا جا رہا ہے۔ حاکم صاحب کے کلام کی مقبولیت کا انداز اِس بات سے لگا لیں کہ آج کہ عہد میں کوئی ہی ایسی محفل ہوگی جس میں احمد علی حاکم کا کلام نہ پڑھا جاتا ہو۔

احمد علی حاکم نے اکثر اصناف سخن جن میں حمد......نعت......منقبت...... قصائد......مرثیہ......قطعات اور رباعیات شامل ہیں میں طبع آزمائی کی ہے اِس بات سے قطع نظر کہ حاکم صاحب نے ان اصناف سخن سے کہاں تک انصاف کی گیا ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ حاکم صاحب نے اپنی مترنم آواز سے اپنے کلام کو اس انداز سے پیش کیا ہے کہ آج کے دور کا ہر نعت خواں ان کے کلام کا شیدائی نظر آ ہے۔

احمد علی حاکم نعت خوانی سے نعت گوئی کی طرف آئے ہیں اس لئے ان کے کلام میں ترنم کی چاشنی پائی جاتی ہے۔ کلام پر تبصرہ ناقدین کا حق ہے اِس لئے یہ کام اُن پر چھوڑتے ہوئے ہم یہ بات ضرور کہیں گے کہ احمد علی حاکم کو کہیں کہیں اصلاح کی ضرورت ہے۔ ہم یہ بھی چاہیں گے کہ احمد علی حاکم اِس قدر مقبولِ عا کلام پر نظر ثانی کریں تو بہت اچھا ہوگا اور انہیں معیاری نعت گو شعراء کی صف میں نمایاں مقام حاصل ہوگا۔

اِس کلام کی ترتیب و اشاعت کا مقصد یہ ہے کہ حاکم صاحب کے بکھرے ہوئے کلام کو عوام الناس تک پہنچا دیا جائے۔ اِس لئے کتاب کے مندرجات کا مرتب ذمہ دار نہیں۔

محمد توصیف حیدر چشتی

Arshman Software Inc. ©

فہرست

گھرانے کی کیابات ہے 9
مصطفےٰ کے پاس 11
میلاد ہونا چاہی دا 12
نعت بنی ہے 14
دل دا ارمان محمد 16
مصطفےٰ ہو گیا 17
میرے آقا آؤ کہ مدت ہوئی 19
نعت بجائی پھردی اے 23
کسی نے دیکھا ہے 25
ادا معجزہ ہے 26
محمد کی ادا دیکھی ہے 28
کچھ اور خیالوں میں 30
زلفِ سرکار سے 31
روشنی کے لئے 33
جس کو درِ رسول کی 35
شان پیارے زلفاں دے 36
وہ آ گئے ہیں کریم بن کر 38
کچھ نہیں مانگتا میں مولا 40
کوئے نبی سے آنہ سکے ہم
راحت ہی کچھ ایسی تھی 42
اوہ آ جاون میرے ویہڑے 44
ثناخوان رہا ہوں 46
سارے سوہنیاں توں سوہنا 47
میرے نبی دے 49
آنکھیں یہ نم کس لئے ہیں 51
رحمت نوں ویہندا رہواں 52
چھڈ دے طبیبا دارو 54
یہ خدا جانے 56
جیویں درد ونڈ دا 58
تیری دید چہ اکھیاں رجھیاں 60
یادِ نبی کو دل سے 62
سوہنا ایں من موہنا ایں 64
پادے آمنہ توں لعل میری 66
دائیاں دا سوال 67
حلیمہ دا جواب 68
جو سامنے ہے مدینہ 70
حضور پہ قربان ہو گیا 72
سویا نہیں حسین 73
اُداس پانی کو 74
حسین سارے جہاں دے 75

Arshman Software Inc. ©

قاری نوں ویکھ کے 76
ساری دنیا میں جو سویرا ہے 78
علی اکبر علی اکبر 79
دین بچاون جان والے 80
میراں بغداد والیا 81
کتنا حسیں ہوگا 83
قدماں تے مک گئے 85
تری ذات سب کے ہے 86
لباں تے ثنا ہووے 87
یارسول اللہ پکارا کیجئے 89
خدا خدا اے نبی نبی اے 91
محمد دے بناں 92
یہ دل بھی حسینی ہے 94
حسن کا جلوہ سمجھ لیا 96
قدرت دا فیصلہ 97
ساحل مدینہ ہے 99
فدائیں ہندے 100
نظارا ہو نہیں سکتا 102
سوہنے مدنی دے واسطے 104
زمانہ ٹھہر جاتا ہے 105
لاجواب آپ ہیں 107
ہر تھاں اُجالے محمد دے 109
بس نام تمہارا ہو 111
محفل ہے یہ آقا کی 112
کوئی نقش اُتارا ہوگا 113
محمد محمد صدا دیونی ایں 114
دیدار حسیں ہو جاندے نے 115
میرا آسرا نبی ہے 117
پردے دے سامنے 118
یا نبی آپ کی نوکری چاہیے 119
جب تک لڑی رہے 121
غم نہیں ہوتے 123
آقا جے تیرا سہارا نہ ہوندا 124
اے قضا ٹھہر جا 126
زیارت دے دو 128
صغرا دامن لے سوال بابلا 130
ایہناں مڑ نہیں آؤنا 132

رُباعیات

Arshman Software Inc. ©

گھرانے کی کیا بات ہے

کرم کے آشیانے کی کیا بات ہے
آپ کے آستانے کی کیا بات ہے

فاطمہ و علی اور حسین و حسن
مصطفیٰ کے گھرانے کی کیا بات ہے

کتنے نانے بھی ہیں اور نواسے بھی ہیں
ابنِ حیدر کے نانے کی کیا بات ہے

ایک گھر جو ملے شہرِ سرکار میں
پھر تو ایسے ٹھکانے کی کیا بات ہے

Arshman Software Inc. ©

وقتِ آخر بھی ہو اور وہ ہوں سامنے
اَے قضا تیرے آنے کی کیا بات ہے

چڑھ کے نیزے پہ جیسے پڑھا آپ نے
اَیسے قُرآں سُنانے کی کیا بات ہے

پُھول میں مُسکراہٹ ہے اپنی جگہ
آپ کے مُسکرانے کی کیا بات ہے

ساتھ ہے قبر میں بھی صدیق و عُمر
مُصطفٰے کے یارانے کی کیا بات ہے

تک کے بولے نکیرین حاکمؔ مجھے
مُصطفٰے کے دیوانے کی کیا بات ہے

Arshman Software Inc.©

مُصطفےٰ کے پاس

رہزن کے پاس ہے نہ کسی رہنما کے پاس
ہر درد کی دوا ہے مرے مُصطفےٰ کے پاس

اسریٰ کی رات ذہن میں اُٹھتے ہیں یہ سوال
یہ کون جارہا ہے ملنے خُدا کے پاس

دِل تو ملے گا کُوچہء سرکار میں تمُہیں
آنکھیں ملیں گی تُم کو رُخِ والضحیٰ کے پاس

حاؔکم بجز حضُور کی چاہت کے باخدا
کچھ بھی نہ تھا لحد میں مجُھ بےنوا کے پاس

Arshman Software Inc.©

میلاد ہونا چاہی دا

اِنج سدا دل نوُں آباد ہونا چاہی دا
کہ آمنہ دا لال بس یاد ہونا چاہی دا

رب کہیا اَساں نے ہُن فیصلہ چُا کیتا اے
کہ تیرے جہیا تیرے نہیؤں بعد ہونا چاہی دا

دل ہووے بنیا اے نقشہ مدینے دا
تے اکھی اگے سدا بغداد ہونا چاہی دا

حشر اِچہ سُنّیاں نے کہنا جا کے رب نوُں
کہ ایتھے اج سوہنے دا میلاد ہونا چاہی دا

Arshman Software Inc.©

لا چھڈ زندگی نُوں ناں سوہنے آقا دے
ہر ساہ نئیں ایویں برباد ہونا چاہی دا

قبر اِچ سوہنے کہنا حاکم نکیراں نُوں
کہ ایہنوں ہر سوال توں آزاد ہونا چاہی دا

Arshman Software Inc.©

نعت بنی ہے

شاہد ہے خُدا بعد میں کائنات بنی ہے
کائنات سے بھی پہلے تری ذات بنی ہے

اِک جُنبشِ اَبرو سے طلاطم ہے فضا میں
جھٹکا ہے جو زُلفوں کو تو برسات بنی ہے

جس دن سے مَلی رُخ پہ تری خاکِ کفِ پا
اُس دن سے ہی اِس چاند کی اَوقات بنی ہے

اَلحَمد سے وَالنّاس تلک پڑھ کے ہے دیکھا
کچھ اور نہیں، آپ کی، بس، نعت بنی ہے

Arshman Software Inc. ©

الفاظ سے ہے بن گیا قُرآن مبارک
لہجے سے تُمھارے ہی تو قِرأت بنی ہے

یہ نام مصائب کو عَدم کرتا ہے یارو
بس نامِ مُحمد ہی کے سب بات بنی ہے

غم پیارے نبی کا مُجھے حاکم جو مِلا ہے
جب ہی تو مِرے اشکوں کی سوغات بنی ہے

Arshman Software Inc. ©

دِل دا ارمان محمد

ہر دِل دا ارمان محمد
خُوشیاں دا سامان محمد

ایہہ کونین ہے جسم دے وانگوں
اِس کونین دی جان محمد

خُود قرآن نے دسّیا سانوں
ہے اصلِ قُرآن مُحمد

حسین کیہا کہ گھٹن نہ دیساں
تیرے دین دی شان محمد

حاکم مُکدی گلّ مُکاواں
ساڈا دین ایمان محمد

Arshman Software Inc.©

مُصطفےٰ ہوگیا

ایک نے آئینہ دیکھ کر یہ کہا
دیکھو دیکھو یہ کیا ماجرا ہوگیا
میں تو واحد تھا یکتا تھا کونین میں
ہو بہو کس طرح دُوسرا ہوگیا

وہ جدا تھا جُدا تھا جُدا ہی رہا
جب تلک تھا بے صُورت خدا ہی رہا
جب وہ صُورت میں آیا خُدا نہ رہا
دیکھتے دیکھتے مُصطفےٰ ہوگیا

Arshman Software Inc.©

بزمِ خلوت میں وہ ایک جاں ہو گئے
پھر نگاہوں سے ہی ہم زُباں ہو گئے
جس کی صُورت نہ تھی نعتَ خواں بن گیا
جس کی صُورت تھی محوِ ثناء ہو گیا

جب خُدا ہر کسی کو نظَر آ گیا
لوگ کہنے لگے لو بشر آ گیا
مُجھ کو َحاکم ہے اِنساں سے شکوہ یہی
کیوں حقیقت سے ناَ آشنا ہو گیا

Arshman Software Inc. ©

میرے آقا آؤ کہ مُدّت ہوئی

میرے آقا آؤ کہ مُدّت ہوئی ہے
تیری راہ میں اکھیّاں بچھاتے بچھاتے
تیری حسرتوں میں تیری چاہتوں میں
بڑے دِن ہوئے گھر سجاتے سجاتے

مِرا یہ ہے ایماں یہ میرا یقیں ہے
مِرے مُصطفےٰ سا نہ کوئی حسیں ہے
کہ رُخ اُن کا دیکھا ہے جب سے قمر نے
نکلتا ہے مُنہ کو چھپاتے چھپاتے

Arshman Software Inc. ©

قیامت کا منظر بڑا پُرخطر ہے
مگر مُصطفےٰ کا جو دیوانہ ہوگا
وہ پل پر سے گزرے گا مسرور ہو کر
نعرہ نبی کا لگاتے لگاتے

یہ دل جب سے عشقِ نبی میں پڑا ہے
نہ دن کی خبر ہے نہ شب کا پتہ ہے
کہ اَب تو بصارت بھی کم ہو گئی ہے
تیرے غم میں آنسو بہاتے بہاتے

میرے لب پہ مَولا نہ کوئی صدا ہے
فقط مُجھ نکمّے کی بس یہ دُعا ہے
میری سانس نکلے دَرِ مُصطفےٰ پر
غمِ دل نبی کو سناتے سناتے

Arshman Software Inc.©

نواسوں کا صدقہ اَب آ بھی جاؤ
پیاسی نگاہوں کی پیاس بجھاؤ
کہ اَب عُمر کی شام ڈھلنے لگی ہے
جُدائی کے صدمے اُٹھاتے اُٹھاتے

یہ مانا کہ اِک دن آنی قضا ہے
مگر دوستو یہ مِری التجاء ہے
کہ شہرِمدینہ کی ہر اِک گلی سے
جنازہ اُٹھانا گھُماتے گھُماتے

میں قُربان تیری سخاوت پہ آقا
کہ تھک ہار جاتے ہیں خُود لینے والے
مگر میرے آقا تو تھکتے نہیں ہیں
کرم کے خزانے لُٹاتے لُٹاتے

Arshman Software Inc.©

ہے کعبہ بھی حاکم بڑی شان والا
مگر میرے دل میں تمنّا یہی ہے
کہ مِل جائے نقشِ کفِ پائے احمد
تو مَر جاؤں سر کو جُھکاتے جُھکاتے

Arshman Software Inc.©

نعت بچائی پھر دی اے

مری ذات نُوں سوہنیاں درداں توں
تری ذات بچائی پھر دی اے
میں مرَ جاناں سی پر سوہنیا
تری نعَت بچائی پھر دی اے

بولی اَگ دوزخ دی محشر نُوں
مَولا بھیج مرے وَل عاصیاں نُوں
رَب کہیا اوہناں نُوں رحمت دی
برسات بچائی پھر دی اے

Arshman Software Inc.©

سب لفظ تے سوہنیاں سب جُملے
مُحتاج نے تیری ہستی دے
ہر بات نوُں میریا محبوبا
تری بات بچائی پھر دی اے

میں حاکم جس وی حاکم توں
جا پچھیا اوہ ایہہ کہندا سی
سانوں تے سوہنے مدنی دی
خیرات بچائی پھر دی اے

Arshman Software Inc. ©

کسی نے دیکھا ہے

رب نے پُوچھا کسی نے دیکھا ہے
مُصطفٰے سا کِسی نے دیکھا ہے

خُود یہ کعبہ بھی کہہ رہا ہے سُنو
میرا کعبہ کِسی نے دیکھا ہے

سجدہ کرنا ہے میں نے اُے یارو
اُن کا تلوا کسی نے دیکھا ہے

Arshman Software Inc. ©

ادا معجزہ ہے

سخا مُعجزہ ہے عطا معجزہ ہے
مُحمد کی ہر اِک ادا معجزہ ہے

سبھی انبیاء معجزے لے کے آئے
مگر مُصطفےٰ سر تا پا معجزہ ہے

نبی معجزہ ہے یہ مَت بحث چھیڑو
نبی کا تو ہر اِک گدا مُعجزہ ہے

سویرا جہاں میں ہے پھیلایا جس نے
رُخِ والضحیٰ کی ضیاء معجزہ ہے

Arshman Software Inc.©

وہ جس میں چھپایا تھا آلِ نبی کو
مِرے آقا کی وہ رِدا معجزہ ہے

تکلّم تو حاکم ہے پھر بھی تکلّم
اُن کا تو بس دیکھنا معجزہ ہے

Arshman Software Inc.©

محمد کی ادا دیکھی ہے

زلف دیکھی ہے کہ نظروں نے گھٹا دیکھی ہے
لُٹ گیا جس نے محمد کی ادا دیکھی ہے

اپنے چہرے کو چُھپانا نہ اَے مِرے آقا
بعد مُدّت کے بیماروں نے شفا دیکھی ہے

سَر جُھکائے ہُوئے چلتے ہیں وفادار سبھی
جب سے غازی کی زمانے نے وفا دیکھی ہے

یُوں تو شبّیر سبھی کرتے ہیں بندگی لیکن
تیری بندگی تو زمانے سے جُدا دیکھی ہے

Arshman Software Inc. ©

درِ سرکار پہ پہنچے تو یہ پُوچھا سب سے
ہم نے مرنا ہے کہیں یارو قضا دیکھی ہے

آج سرکار نے زُلفوں کو سنوارا ہوگا
تب ہی حاکم نے مُعطّر یہ فضا دیکھی ہے

Arshman Software Inc. ©

کچھ اور خیالوں میں

کچھ اور خیالوں میں لایا ہی نہیں جاتا
ہاں جا کے مدینے سے آیا ہی نہیں جاتا

گھر واپس جانے کا نہ حکم ہمیں دینا
سچ یہ ہے کہ اِس در سے جایا ہی نہیں جاتا

کھاتا ہے جہاں سارا سرکار کے لنگر کو
ہاں اس کے سوا کچھ بھی کھایا ہی نہیں جاتا

اشکوں کی زباں سے ہی غم لوگ سناتے ہیں
سرکار کی چوکھٹ پر بولا ہی نہیں جاتا

سرکار کی اے حاکم اِک نعت ہی کافی ہے
اب گیت کوئی ہم سے گایا ہی نہیں جاتا

Arshman Software Inc. ©

زُلفِ سرکار سے

زُلفِ سرکار سے جب چہرہ نکلتا ہوگا
پھر بھلا کیسے کوئی چاند کو تکتا ہوگا

اَے حلیمہ! یہ بتا تُو نے تو دیکھا ہوگا
کیسے تُجھ سے میرا محبوب لِپٹتا ہوگا

راز چندا کے حسیں ہونے کا اَب سمجھا ہوں
خاکِ نعلین کو چہرے پہ یہ ملتا ہوگا

مُجھ کو معلوم ہے طیَبہ سے جُدائی کا اثر
شام کو شمس بھی روتے ہوئے ڈھلتا ہوگا

Arshman Software Inc.©

کتنی خُوش بخت ہے طیبہ کی وہ گلیاں یارو
جن میں بَن ٹھَن کے مِرا محبوب نکلتا ہوگا

اُس دل کو ٹھیس نہ پہنچے گی کبھی اے حاکم
یادِ محبوب میں ہر پل جو دھڑکتا ہوگا

Arshman Software Inc.©

روشنی کے لئے

اتنا کافی ہے زندگی کے لئے
رکھ لیں آقا جو نوکری کے لئے

تک کے اُن کو ایّوب کے گھر میں
محل ترستے ہیں جھونپڑی کے لئے

آگئے قبر میں بھی چُھڑوانے
دَرد کتنا ہے اُمتّی کے لئے

لمبے سجدے کئے نبی نے کہاں
اَے نواسے ترِی خُوشی کے لئے

Arshman Software Inc. ©

ماہ و خُورشید اُن کی چوکھٹ پر
روز آتے ہیں روشنی کے لئے

خاکِ طیبہ میں حُسن پنہاں ہے
لوگ ملتے ہیں دِلکشی کے لئے

دِید مانگی ہے اُن سے حؔاکم
میں نے بس وقت آخری کے لئے

Arshman Software Inc.©

جس کو درِ رسول کی

جس کو درِ رسول کی قُربت نہیں ملی
اُس کو کبھی سکون کی دولت نہیں ملی

محشر میں سُوئے یوسف کیا دیکھتے بھلا
آنکھوں کو تیری دِید سے فرصت نہیں ملی

دیکھا ہے میں نے جا کے جہنّم کو غور سے
سب کچھ مِلا ہے آپ کی اُمّت نہیں ملی

کتنا وہ بد نصیب ہے دُنیا میں دوستو
جس کو مِرے حضور کی نسبت نہیں ملی

حاکم ہمارے گھر میں بھی آتے تو وہ ضرور
لیکن ہمیں ایوّب کی قسمت نہیں ملی

Arshman Software Inc.©

شان پیارے زُلفاں دے

کی دسّاں میں شان پیارے زُلفاں دے
رَب کردالےآپ نظارے زُلفاں دے

رُومؔی جامؔی سعؔدی جنہوں ویکھ لوۓ
اللہ دی سونہہ قیدی سارے زُلفاں دے

ہتّھ وچہ کاسہ پھڑ کے بدّل ساون دے
بہہ گئے آ کے یار دوارے زُلفاں دے

دِن چڑھدا اے آسرا لے کے چہرے دا
راتاں نُوں نے یار سہارے زُلفاں دے

Arshman Software Inc.©

چٹے دن وچہ ہرتھاں جھڑیاں لگ جاون
جس دم ہوون یار اشارے زُلفاں دے

راتاں نُوں وی نُور سی حاکم ہو جاندا
چمکن کُنڈل وانگ ستارے زُلفاں دے

Arshman Software Inc.©

وہ آ گئے ہیں کریم بن کر

وہ آ گئے ہیں کریم بنکر نصیب سب کے سنور گئے ہیں
یہ نغمے صلِّ علیٰ کے دیکھو فضا میں ہر سُو بکھر گئے ہیں

یہ چاند اَمبر سے کہہ رہا ہے کہ ناز کرتا تھا خُود پہ لیکن
وہ جب سے دیکھا ہے نُوری چہرہ خمار سارے اُتر گئے ہیں

یہ پُھول کلیاں یہ چاند تارے جناب یُوسف بھی یا محمد
تُمہارے کوچے میں جونہی پہنچے تو سر جُھکا کے گُذر گئے ہیں

یہ چاند کہتا ہے سُعدیہ سے گواہ رہنا کہ تیرے گھر میں
جدھر اُٹھائی اُنہوں نے اُنگلی تو ہم بھی چل کے اُدھر گئے ہیں

Arshman Software Inc. ©

وہی ہیں عابد وہی ہیں زاہد نماز اُن کی قبول ہوگی
جو بندے اپنے نبی کے دَر پہ سدا جُھکانے کو سر گئے ہیں

سنا ہے جب سے یہ میں نے حاکم کہ بعد مرنے کے وہ ملیں گے
تو روز کرتا ہوں رشک اُن پر جو اُن کی اُلفت میں مر گئے ہیں

Arshman Software Inc. ©

کچھ نہیں مانگتا میں مولا

کچھ نہیں مانگتا میں مولا تیری ہستی سے
میری آنکھوں کو مدینے کا نظارا دے دے

کب تمنا کوئی میں اِس کے سوا کرتا ہوں
میں تو دن رات یہ مولا سے دعا کرتا ہوں
گُزری طَیبہ میں جو زندگی ہے دوبارہ دے دے

نام سرکار پہ بِک جانے کو جی چاہتا ہے
پِھر نہیں فکر کہ ہاتھوں کیا آتا ہے
تیری مرضی سے نَفع دے یا خسارا دے دے

میں نہیں کہتا یہ ہر صاحبِ نَظر کہتا ہے
فلک پہ آئے ہوئے بات قَمر کہتا ہے
پِھر سے آقا مجُھے اُنگلی کا اِشارہ دے دے

Arshman Software Inc. ©

اپنا جنت میں وہ جس وقت ٹھکانہ ہوگا
پا کے جنت کو بھی لب پر یہ ترانہ ہوگا
مولا جو طیبہ میں زندگی تھی دوبارہ دے دے

یہ جہاں اُس کو حقیقت میں پھر نہ رولے گا
مجھ کو سمجھاؤ بھلا کیسے پھر وہ ڈولے گا
جس کو حسنین کا خود نانا سہارا دے دے

آئے ہیں جتنے دیوانے تیری چاہت لے کے
بیٹھے ہیں دل میں یہ آقا تری اُلفت لے کے
دے دے دیدار انہیں اب تو خدارا دے دے

اپنی پلکوں کو ہے راہوں میں بچھایا میں نے
اپنی کٹیا کو بھی دلہن ہے بنایا میں نے
میری ڈوبی ہوئی نیا کو کنارہ دے دے

اپنا دل اپنا جگر اپنی یہ آنکھیں حاکم
اپنی یہ جاں ارے اپنی یہ سانسیں حاکم
جتنا سامان ہے سرکار کو سارا دے د...

Arshman Software Inc. ©

کوئے نبی سے آ نہ سکے ہم

کُوئے نبی سے آ نہ سکے ہم راحت ہی کچھ ایسی تھی
یاد رہی نہ جنّت ہم کو جنّت ہی کچھ ایسی تھی

تکتے رہے یُوسف جیسے حشر میں اُن کے چہرے کو
جب پُوچھا تو کہنے لگے وہ صُورت ہی کچھ ایسی تھی

پاس بُلایا پاس بٹھایا عرش پہ اُن کو خالق نے
یہ تو آخر ہونا ہی تھا چاہت ہی کچھ ایسی تھی

اصغر و اکبر عون و محمد دین پہ وارے ہنس ہنس کے
یُوں لگتا ہے دین نبی کی قیمت ہی کچھ ایسی تھی

Arshman Software Inc. ©

دُنیا میں سرکار کی نعتیں پڑھتے رہے ہر اِک لمحہ
قبر میں بھی تھی نعت لبوں پر عادت ہی کچھ ایسی تھی

قبر میں حَاکم جب پہنچے تو ہنس کے نکیروں نے دیکھا
کیوں نہ فرشتے پیار سے مِلتے نسبت ہی کچھ ایسی تھی

Arshman Software Inc.©

اوہ آجاون میرے ویہڑے

اوہ آجاون میرے ویہڑے ایہو منگدا دُعا بیٹھا
اوہناں لنگھناں ایں اِس رستے تاہیوں گھر نُوں سجا بیٹھا

جدوں سَن دُور اوہ میتھوں مینوں سی خوف مرنے دا
اوہ کول آگئے جدوں میرے میں خُود لبھدا قضا بیٹھا

میں خُود ڈھالے نے سب نقشے کسے تے پیار نئیں آیا
ترے توں نظر نئیں ہٹ دی تینوں اِنج دا بنا بیٹھا

اَے نانا ویکھ لئو آکے نواسے دی سخاوت نُوں
تُسیں اکبر دا پُچھ دے اوہ میں اصغر وی لُٹا بیٹھا

Arshman Software Inc. ©

مینوں دُنیا مریندی اے مینوں نینواں جتیندی اے
بچالئیں غم دے مارے نُوں ترے دَر تے میں آ بیٹھا

ترے کُوچے دوا میری ترے کُوچے شفا میری
میں نبھاں ایس توں پہلے ہزاراں نُوں وکھا بیٹھا

قبر تے حشر وچہ حاکم نُوں قُدسی پئے لبھدے نے
نبی دی نعت ایہناں نُوں میں اِکواری سُنا بیٹھا

Arshman Software Inc.©

ثناءخوان رہا ہوں

زندگی میں گدا ہو کے بھی سُلطان رہا ہوں
میں چوکھٹِ سرکار کا دَربان رہا ہوں

سرکار کے چہرے پہ ہی رکھّی ہیں نگاہیں
نازاں ہُوں کہ میں قاریٔ قرآن رہا ہوں

دیکھوں میں بھلا کیسے گُلستانِ ارم کو
چند روز میں سرکار کا مہمان رہا ہوں

صدقہ ہے یہ سرکار کی نسبت کا اے یارو
ہر دَور میں ہر عہد میں ذِیشان رہا ہوں

پُوچھو نہ نکیرو ذرا حاؔکم سے لحد میں
آخر میں محمد کا ثناء خوان رہا ہوں

Arshman Software Inc.©

سارے سوہنیاں توں سوہنا بن آیا

سارے سوہنیاں توں سوہنا بن آیا اوہدی کیہڑا ریس کرے
جنہوں پُچھ پُچھ رَب نے بنایا اوہدی کیہڑا ریس کرے

پُھل اوہدے لباں کولوں خَیراں بیٹھے منگدے
رات دے ہنھیرے اوہدی زلفاں توں سنگدے
جنہوں ریجھاں نال رب نے سجایا اوہدی کیہڑا ریس کرے
سارے سوہنیاں توں سوہنا بن آیا اوہدی کیہڑا ریس کرے

ہراِک شاہ اوہدا سجنوں غلام ایں
ہر اِک سوہنا اوہنوں کردا سلام ایں
جہدے اَگے ہر سب نے جُھکایا اوہدی کیہڑا ریس کرے
سارے سوہنیاں توں سوہنا بن آیا اوہدی کیہڑا ریس کرے

Arshman Software Inc. ©

ڈُبّے ہوئے شمس وی پچھاں مڑ پینیدے نے
اوہدیاں اشاریاں رُکھ ٹُر پینیدے نے
رجیہے پتھّراں نوں کلمہ پڑھایا اوہدی کیہڑا ریس کرے
سارے سوہنیاں توں سوہنا بن آیا اوہدی کیہڑا ریس کرے

حاکم اَساں دیناں ایس جُملے نُوں طُول نئیں
اوہدے جیہا ہور کوئی رَب نُوں قبُول نئیں
ایسے گلے اوہدا بنیاں ناں سایا اوہدی کیہڑا ریس کرے
سارے سوہنیاں توں سوہنا بن آیا اوہدی کیہڑا ریس کرے

Arshman Software Inc. ©

میرے نبی دے

وکھّ نے رُتبے میرے نبی دے
ہر تھاں چرچے میرے نبی دے

یُوسف ورگے دنگ رہ جاسن
ویکھ کے جلوے میرے نبی دے

نال اَدب دے چُمّے یارو
عرش نے تلوے میرے نبی دے

کس تکنا ایں جے اُٹھ جاون
سجناں پردے میرے نبی دے

Arshman Software Inc.©

سارے عاصی بخشے جاسن
دوستو صدقے میرے نبی دے

کندھیاں تے شبّیر جے ہووے
تک فر سجدے میرے نبی دے

حاکمؔ اوہ نے بندے رَب دے
جو نے بندے میرے نبی دے

Arshman Software Inc.©

آنکھیں یہ نم کس لئے ہے

یہ دن رات آنکھیں یہ نَم کس لئے ہیں
ہیں غم خوار آقا تو غم کس لئے ہیں

یہ پُوچھا تھا سجدہ کِس جا پہ کرنا
جواب آیا اُن کے قدم کِس لئے ہیں

اَے جبریل چُومو آج اُن کی تلیاں
تیرے لب بنے تو قدَم کس لئے ہیں

گُنہگار بولے کہ کون اَب ہمارا
تو بولے محمدؐ کہ ہم کس لئے ہیں

اگر اُن کو آنا ہے مدفن میں حَاکم
تو زندہ خُدا کی قسم کس لئے ہیں

Arshman Software Inc. ©

رحمت نوں ویہندا رہواں

بھل کے بدکاریاں تے سیہ کاریاں
سوہنیاں تیری رحمت نُوں ویہندا رہواں
اپنے دامن دی تنگی نہ ویکھاں کدی
آقا تیری سخاوت نُوں ویہندا رہواں

عرش ہے ترسدا وصلِ سرکار نُوں
سارے نبیاں رسولاں دے سردار نُوں
آجا جوڑے سنے کرنا میتھوں منے
تا کہ میں اپنی عظمت نُوں ویہندا رہواں

Arshman Software Inc.©

سوہنا داتا تے غوثِ جلی ویکھ کے
پیر صابر تے مہرِ علی ویکھ کے
کہن لگے ایہہ مُوسیٰ کہ دل چاوہندا
سوہنیاں تیری اُمّت نوں ویہندا رہواں

پہلے طیبہ بنا اپنی جنّت دے وچہ
باجھ طیبہ دے جنّت دا کیا حُسن ہے
جے نئیں طیبہ تے مولا ایہہ چھڈ نعمتاں
خالی کیوں تیری جنّت نوں ویہندا رہواں

Arshman Software Inc.©

چھڈّ دے طبیبا دارو

چھڈ دے طبیبا دارو تینوں کی پتا اے
مُکھ سوہنے مدنی دا ساڈی دوا اے

پلکاں تے ہنجواں دے جیہڑے وی ایہہ تارے نے
اللہ دی سونہہ سانوں ساڈی جان توں پیارے نے
ایسے لئی کہ ایہہ وی اُس ماہی دی عطا اے
چھڈّ دے طبیبا دارو تینوں کی پتا اے

ہجر دا پندھ یارو کدی وی نئیں مُکدا
اکھیاں چوں ہنجواں دا ہڑ نئیں اوں سُکدا
رَب جانے اکھیاں توں ہوئی کی خطا اے
چھڈ دے طبیبا دارو تینوں کی پتا اے

Arshman Software Inc.©

دل پیا ہر ویلے دید اوہدی منگ دا
سوہنے باجھوں پل پل سال وانگوں لنگھ دا
کی ہویا حال ساڈا جان دا خُدا اے
چھڈ دے طبیبا دارو تینوں کی پتا اے

اُچا یارو اوس دا سب توں مقام ایں
ساری کائنات جہدی ادنیٰ غُلام ایں
حاکم اوسے مُصطفٰے دا بنیا گدا اے
چھڈ دے طبیبا دارو تینوں کی پتا اے

Arshman Software Inc. ©

یہ خدا جانے

شان مولا کی مُصطفیٰ جانے
مُصطفیٰ کیا ہے یہ خُدا جانے

جب خُدا خُود ہے واصفِ احمد
پھر کوئی کیسے دُوسرا جانے

جُز محمد کے کون ہے جگ میں
جو مِرے دُرد کی دوا جانے

شِرک ہے آپ کو خدا کہنا
وہ بھی کافر ہے جو جُدا جانے

Arshman Software Inc.©

کتنے پیغام بھیجتا ہوں اُنہیں
میں یہ جانوں یا پھر ہوا جانے

کاسہ حاکم ہے اپنے ہاتھوں میں
جانے سائل یا پھر عطا جانے

Arshman Software Inc.©

جیویں درد ونڈ دا

جیویں دَرد ونڈ دا اے مدینے دا والی
ایویں درد کئیں توں ونڈائے نئیں جاندے
ایہہ اپنے تے اپنے نے اِس در توں خالی
قسم رب دی دُشمن ہٹائے نئیں جاندے

ٹھہر جا اَجل دے فرشتے ٹھہر جا
تُوں آلین دے بس مِرے مُصطفٰے نُوں
ایہہ جہاں دے ساہ نے میں اوہناں نُوں دیساں
ساہ ہر کسے نُوں پھڑائے نئیں جاندے

Arshman Software Inc. ©

کدی دیوے اکبر کدی دیوے اَصغر
کدی تیر کھاوے کدی سر کٹاوے
جیویں وعدے شبّیر نے ہُن نبھائے
ایویں کئیں توں وعدے نبھائے نئیں جاندے

ہے جبریل پُچھّیا شبِ وصل رب نُوں
کیویں میں جگاواں ترے مُصطفٰے نوں
کہیا رب کہ تلیاں تے رکھ ونج لباں نُوں
کہ محبوب ایویں جگائے نئیں جاندے

جے آقا زیارت عطا ہووے مینوں
تے حاکم دے ہونٹاں تے آجان ہاسے
جیہڑے درشناں دے طلب گار ہوون
اوہناں کولوں مُکھڑے لکائے نئیں جاندے

Arshman Software Inc. ©

تیری دید چہ اکھیاں رجھیاں نے

گلاں بعد چہ بہہ کے کرلاں گے
اَج دل دیاں آساں پجیاں نے
تیرے ہوندیاں ڈھولا میں کی ویکھاں
تیری دید چہ اکھیاں رُجھیاں نے

تُوں بشر ہیں عاماں لوکاں لئی
مینوں دِسناں ایں وانگ خُدا ماہی
ایہہ غافل خبراں کی جانن
ایہہ رمزاں ڈاہڈیاں گُجھیاں نے

Arshman Software Inc.©

ہندا پردہ جیندیاں بندیاں توں
مویاں توں پردے نئیں ہوندے
گھنڈ لا کے لنگھ جا ہُن بھاویں
نیناں دیاں بتیاں بُجھیاں نے

ہن آجا آجا آ ماہی
حاکم نوں مکھ دکھلا ماہی
اساں کفن وی پا کے بہہ گئے آں
تینوں اجن جدائیاں سُجھیاں نے

Arshman Software Inc.©

یادِ نبی کو دل سے

یادِ نبی کو دِل سے نکالا نہ جائے گا
سینے میں دَرد غیر کا پالا نہ جائے گا

تَب تک نہ جائے گا کوئی جنّت میں دوستو
جب تک بِلال رنگ کا کالا نہ جائے گا

سرِحشر جب اُٹھائیں گے چہرے سے وہ نقاب
یُوسف سے بھی پھر ہوش سنبھالا نہ جائے گا

کھاتا ہے جو حضُور کے لنگر کو شوق سے
غیروں کا اُس کے منہ میں نوالا نہ جائے گا

Arshman Software Inc. ©

سارے جہاں کی ٹالے گا روزِ حشر خدا
لیکن کہا حضور کا ٹالا نہ جائے گا

مل جائے گر نصیب سے خاکِ پائے رسول
پھر سُرمہ کوئی آنکھ میں ڈالا نہ جائے گا

حاکم کہوں گا قبر میں مَیں ہُوں حضور کا
جز اِس کے دیا اور حوالہ نہ جائے گا

Arshman Software Inc.©

سوہنا ایں من موہنا ایں

سوہنا ایں مَن موہنا ایں سوہنا ایں مَن موہنا ایں
اَے آمنہ تیرا لعل نی کہوے سَعدیہ واری جاواں

ایڈی سوہنی صُورت میرے دل وچہ کُھب دی جاوے
تک کے مَستی نیناں والی ہوش وی اُڈ دی جاوے
ٹھَار گئی تھاں مار گئی ایہدی سوہنی سوہنی چال نی
کہوے سعدیہ واری جاواں

اپنی ایہہ تے گل نئیں کر دا رَب دی بولی بولے
سُن کے مِٹھڑے بول نی اُڑیو من میرا پیا ڈولے
کیا باتاں ہِن سیاہ راتاں ایہدے کالے کالے وال نی
کہوے سعدیہ واری جاواں

Arshman Software Inc.©

میری ڈاچی والیاں وَدھیاں اُس دِن توں رفتاراں
جس دن توں نے پھڑیاں ایہنے ایہد یاں آن مہاراں
تر گئی آں میں ٹھر گئی آں میرا ماہی میرے نال نی
کہوے سعدیہ واری جاواں

مُک گئے صدمے غُربت والے ٹُٹ گیا غم دا تالا
جس دن دا ایہہ گھر وچ آیا ہوگیا نُور اُجالا
حق آکھاں گل سچ آکھاں کدی دیوانئیں رکھیا بال نی
کہوے سعدیہ واری جاواں

حاکم سج گئی زندگی میری نیڑے ہوگئے ہاسے
ٹُٹ گئے سارے چُور ہوئے نے درد غماں دے کاسے
حق بولاں میں کیوں ڈولاں ہرے کول ہرا لجپال نی
کہوے سعدیہ واری جاواں

Arshman Software Inc.©

پادے آمنہ توں لعل میری جھولی

پادے آمنہ توں لعل میری جھولی حلیمہ ایہو خیر منگدی
تیری گود وچ اکھ جھنے کھولی حلیمہ ایہو خیر منگدی

میرا مان میرا دل ہاڑا توڑیں ناں
اَج آمنہ توں خالی مینوں موڑیں ناں
توں تے جان دی ایں ہنجواں دی بولی حلیمہ ایہو خیر منگدی

سب ناز تیرے لعل دے اُٹھاواں گی
ایہدے قدماں چہ پُھل میں وِچھاواں گی
ایہدی ہر ویلے بَن رہساں گولی حلیمہ ایہو خیر منگدی

دل چاک میرا ہور کسے سِیناں نئیں
ترے لعل باجھوں میں تے ہُن جیناں نئیں
گل حاکم دل والی کھولی حلیمہ ایہو خیر منگدی

Arshman Software Inc. ©

دائیاں دا سوال

ساریاں دائیاں کہن حلیمہ نوں
کاہنوں شوق نویں ہُن پالنی ایں

کُجھ رکھ خیال اِس غربت دا
کاہنوں زر دولت پئی گالنی ایں

تیرے ہتھ ایناں کتھوں زر آیا
گھروں باہر نہ کُجھ وی بالنی ایں

اَڑیئے دس تے سہئی ایہہ بھیت سانوں
کاہنوں رات ساری دیوا بالنی ایں

☆☆☆☆

Arshman Software Inc. ©

حلیمہ دا جواب

اِنج فیر حلیمہ جواب دتّا
کِتھوں میری ایہہ ہے مجال سیّو
مِہنے نہ مارو مینوں دولتاں دے
تھوڑا جِیا تے رکھّو خیال سیّو
آیا اِک مہمان ہے گھر میرے
کیتا دُور چا اوہنے زوال سیّو
میں ڈِگدی ڈھیندی ڈولدی نوں
لیا آن کے اوہنے سنبھال سیّو
تُساں بھل جاؤ یُوسف مِصری نوں
کدی تکّو جے اوہدا جمال سیّو
وَالضُّحیٰ چہرہ وَاللّیل زُلفاں
کی دیاں میں اوہدی مثال سیّو

Arshmaan Software Inc.©

تکے ہین ہزاراں میں جگ اندر
پر اُیسا تکیا نہ کِتے لال سیو
ہُن اصل حقیقت دس دی آں
رہیا اگلا نئیں میرا حال سیو
اِک دُرِّ یتیم ہے گھر میرے
سب رُونقاں نے اوہدے نال سیو

شعر

حلیمہ جنگلوں میں صحراؤں میں گھوم لیتی تھی
اُسے جب بھوک لگتی تھی محمد چوم لیتی تھی

Arshmaan Software Inc.©

جو سامنے ہے مدینہ

جو سامنے ہے مدینہ تو دیکھتا کیا ہے
یہی تو کعبے کا کعبہ ہے سوچتا کیا ہے

مِرے حضور کو اے خُود سا بولنے والے
تو اُن کی ذات کے بارے میں جانتا کیا ہے

بروزِ حشر خُدا یوں کہے گا بندوں سے
جو مُصطفٰے کو نہ مانے وہ مانتا کیا ہے

قضا کے خوف سے کر لے گا وہ قبول تُجھے
یزید میرے سخی کو تو سمجھتا کیا ہے

Arshman Software Inc.©

ترِی گلی کو ہی مانگا ہے جا کے جنّت میں
تو اس پہ بولے فرشتے یہ مانگتا کیا ہے

اگر نہیں ہے پسینہ گُلوں میں آقا کا
تو پھر بتاؤ کہ گُلشن میں مہکتا کیا ہے

خُدا سے مانگنے وہ آتے ہیں جو شام وسحر
جو مُصطفٰی سے نہ مانگے وہ مانگتا کیا ہے

لگے نہ جس پہ قدم مصطفٰی کے اے حاؔکم
وہ جائے سوئے حرم بھی تو راستہ کیا ہے

Arshman Software Inc.©

حضور پہ قربان ہوگیا

دنیا میں بس وہ صاحبِ ایمان ہوگیا
جو بھی مِرے حضور پہ قربان ہوگیا

چہرہ نبی کا دیکھ کر کہنے لگے سبھی
آنکھوں کے آج سامنے قُرآن ہوگیا

دَر پہ رسولِ پاک کے پہنچا جو غمزدہ
خُوشیوں کا اُس کی بالیقیں سامان ہوگیا

دی کنکروں نے جب تھی گواہی حضور کی
بُو جہل سٹپٹا گیا حیران ہوگیا

جس نے بھی کی ہے نوکری حاکم حضور کی
قلندر تو کوئی باہو سلطان ہوگیا

Arshman Software Inc.©

سویانہیں حُسین

وہ دل ہی کیا کہ جس میں سمویا نہیں حسین
بہتر ہے وہ کہ جس نے کھویا نہیں حسین

کہہ دو ہَوا سے جا کر اَب شور نہ کرے
طَیبہ سے کربلا تک سویا نہیں حسین

مُجھ سے میرے حُسین کا نہ پُوچھ حوصلہ
جِتنے بھی دَرد آئے رویا نہیں حسین

آئے یزید لاکھوں بہ صُورتِ سیلاب
کِسی لہر نے بھی آکے ڈبویا نہیں حسین

حاکم رِدائے دین پر وہ دَاغ تو دکھا
جس کو لہو سے اپنے دھویا نہیں حسین

Arshman Software Inc. ©

اُداس پانی کو

پی جو لیتے عباس پانی کو
کون تکتا اُداس پانی کو

پیاس اتنی نہ تھی سکینہ کو
واللہ جتنی تھی پیاس پانی کو

چُھو سکا نہ درِ حسین کو بھی
قُرب آیا نہ راس پانی کو

حوضِ کوثر بھی رشک کرتا ہے
مِل گئی ایسی باس پانی کو

پیارے اُصغر کو جو نہیں تھا ملا
اب بھی حائم ہے آس پانی کو

Arshman Software Inc.©

حُسین سارے جہاں دے اندر

حسین سارے جہان اندر محبتاں دا سفیر توں ایں
جو حق تے باطل دا فرق دسے اوہ درمیانی لکیر توں ایں

اج تے آیا نئیں دُنبہ جنتوں اج تے بھجیاں نئیں پٹیاں اکھ تے
خلیل کیتی جو ابتداء سی حسین اوہدی اخیر توں ایں

توں کالی راتاں دی چانی ایں تو ہر سویرے دی روشنی ایں
اوہ جس نوں کہندے نے حسن جگ دا اوہ قسم رب دی شبیر توں ایں

زباں چوسیں توں مصطفےٰ دی تے گود کھیڈیں توں مرتضیٰ دی
حسین تیری نظیر کوئی نئیں سو آپ اپنی نظیر توں ایں

طعنے غربت دے تینوں حاکم کیوں کوئی دیوے جہان اندر
حسین ورگے شہنشاہ دی گلی دا جھلیا فقیر توں ایں

Arshman Software Inc. ©

قاری نوں ویکھ کے

اِسلام دے عظیم مہاری نُوں ویکھ کے
خُوش ہے نبی حسین دی یاری نُوں ویکھ کے

آلِ نبی دے پُھل جتھے ہر دم سی مہکدے
روپئے ہاں اُس حُسین دی کیاری نُوں ویکھ کے

قاری نے اِس جہان تے جتنے وی دوستو
نازاں نے سب حُسین جئے قاری نُوں ویکھ کے

سب ساقیاں نے بند سی میخانے کر لئے
لعلِ علی دی اکھ دی خماری نُوں ویکھ کے

Arshman Software Inc. ©

حوراں نے سر جھکا لئے خُلد برین وچہ
کربل دی اوس شان پیاری نُوں ویکھ کے

حاکم حُسین لِکھیا اے دِل دی کتاب تے
واہ واہ نکیر بولے ساری نُوں ویکھ کے

Arshman Software Inc.©

ساری دُنیا میں

ساری دنیا میں جو سویرا ہے
ابنِ حیدر یہ فیض تیرا ہے

شریعت مُصطفٰے بچانے کا
تیرے سر ہی حُسین سہرا ہے

کربلا کو کہوں نہ کیوں جنّت
آلِ احمد کا یہ تو ڈیرا ہے

آؤ پُوچھیں یزید سے جاکر
تیرے مدفن میں کیوں اندھیرا ہے

ایک دن دیکھنا اَے حَاکم تُم
سب کہیں گے حُسین میرا ہے

Arshman Software Inc.©

علی اکبر علی اکبر

حُسین و حسَن کا دِلبر علی اکبر علی اکبر
مِرا ہادی مِرا رہبر علی اکبر علی اکبر

عرش والے بھی کہتے ہیں فرش والے بھی کہتے ہیں
جبینِ دین کا جُھومر علی اکبر علی اکبر

تُمہاری ذات اعلیٰ ہے تُمہاری ذات بالا ہے
فرشتے ہیں ترے چاکر علی اکبر علی اکبر

جو پُوچھا چاند سے میں نے کہ کیا تکتے ہو راتوں کو
کہا یہ چاند نے سُن کر علی اکبر علی اکبر

زمانہ مُجھ کو کہتا ہے میں حاکم ہوں میں حاکم ہوں
مگر میں ہوں ترا نوکر علی اکبر علی اکبر

Arshman Software Inc. ©

دین بچاون جان دا اے

حیدر دا جایا سونہہ رب دی گھر بار لٹاون جان دا اے
سر دے کے اپنا نانے دا ایہہ دین بچاوٗن جان دا اے

ایہہ سوچ کے ظالماں سر کٹیا کہ قُرآن نہ پڑھ سی وت مڑ کے
سر نوں کٹا کے وی سوہنا قُرآن سناون جان دا اے

کوئی آکھے ابراہیم تائیں کوئی اسمٰعیل نوں جا آکھے
سُکھ چین بتول دی جندڑی دا ہر بال کھاون جان دا اے

ایہہ ہر کوئی خبراں رکھّ دا اے کہ یار مناون بہوں اوکھا
اِک لال علی دا ہے اُیسا جیہڑا یار مناون جان دا اے

کیوں حاکم نیر وھاناں ایں کیوں دَر دَر درد سناناں ایں
آ پاک حسین دے دَر چلیئے جیہڑا درد ونڈاون جان دا اے

Arshman Software Inc.©

میراں بغداد والیا

ساڈی بیڑی بنے لا میراں بغداد والیا
سُن دکھیاں دے درد ونڈا میراں بغداد والیا

آس اڈیک تیرے نال لا کے
تیری چوکھٹ تے ہُن آ کے
اساں جھولی لئی اے وچھا میراں بغداد والیا

تینوں علی لجپال دا صدقہ
سوہنے نبی دی آل دا صدقہ
ہُن سُن لے توں میری صدا میراں بغداد والیا

Arshman Software Inc.©

دُکھیاں دے توں درد ونڈاویں
چوراں پکڑ توُں قطب بناویں
بیڑی ساڈی وی بنے لا میراں بغداد والیا

چھَم چھَم ہر دَم برسن اکھیاں
دید تیری نوُں ترسن اکھیاں
کدی سانوں وی دید کرا میراں بغداد والیا

حاکم اُتّے کرم کما کے
اپنا سوہنا شہر وکھا کے
ہُن ساڈے وی بخت جگا میراں بغداد والیا

Arshman Software Inc.©

کتنا حسیں ہوگا

نظارا اے دمِ آخر بتا کتنا حسیں ہوگا
مَروں طیبہ میں تو پھر وقتِ قضا کتنا حسیں ہوگا

وہ حُوریں پاک حبشی کو میں گُم اِنہیں خیالوں میں
سخی اِتنا حسیں ہے تو گدا کِتنا حسیں ہوگا

وہ نہ بھی سجا تب بھی امیرِ حُسن لگتا ہے
اَے یُوسف یہ بتا وہ سجا کتنا حسیں ہوگا

ہے جو بھی چیز دُنیا میں بنی مولا کی مرضی سے
مگر اپنی جو مرضی سے بنا کِتنا حسیں ہوگا

Arshman Software Inc.©

خدا نے نور اپنے سے نکالا نور کو تیرے
کہ شامل ہے حسیں اتنا جدا کتنا حسیں ہوگا

محمد دیکھ کر حاکم یہ کہتے ہیں نظر والے
جو یہ اتنا حسیں ہے تو خدا کتنا حسیں ہوگا

Arshman Software Inc.©

قدماں تے مُک گئے

تاریکیاں دے فاصلے زُلفاں تے مُک گئے
سارے عُروج آپ دے قدماں تے مُک گئے

پُھلاں نُوں رب نے آکھیا سوہنے توں لے لوؤ
جنے وی رنگ سی آپ دے ہوٹھاں تے مُک گئے

رنداں نوں مے کدہ توں ملدا اے کس طرح
سارے نشے تے آپ دے نیناں تے مُک گئے

نمازاں کیویں پڑھی دیاں اللہ دے ساہمنے
ایہہ ذکر وی بُتول دے پُتّراں تے مُک گئے

حاکمؔ کسے میں غیر دی مدح کیویں کراں
جنے سی لفظ آپ دی نعتاں تے مُک گئے

Arshman Software Inc. ©

ترِی ذات سب کے ہے سامنے

ترِی ذات سب کے ہے سامنے تُمھیں جانتا کوئی اور ہے
تُو ہے نور یا کہ تُو ہے بشر یہ پچھانتا کوئی اور ہے
